09/05/2026 12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں طارق گنائی

پد یاترا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اننت ناگ ضلعے کو منشیات سے پاک کرنے کے لئے سماج کے سبھی طبقوں کا تعاون طلب کیا ہے ۔ ہمارے اننت ناگ کے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ ایل جی نے آج اننت ناگ میں بائز ڈگری کالج سے منشیات مخالف پد یاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا ، جس میں کافی تعداد میں طلباء، تاجروں اور سماج کے مختلف طبقہ ہائے فکر سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی ۔ منوج سنہا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ منشیات کا ناسور سماج کو دھیمک کی طرح چاٹ رہا ہے اور اس کا قلع قمع کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے ۔ واضح رہے کہ انہوں نے سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کی 11 اپریل کو جموں سے شروعات کی جب سے لے کر آج تک ابھیان کے تحت منشیات مخالف کاروائیاں شد و مد سے جاری ہیں ۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا پیغام ۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر میں منشیات سے متاثرین کی باز آبادکاری کے لئے ایک طویل مدتی منصوبہ مرتب کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے ۔ سرینگر میں کل متعلقہ انتظامی سیکریٹریوں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران منشیات میں ملوث افراد کے لئے باز آبادکاری اقدامات کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موثر باز آبادکاری منصوبہ تیار کرنے کے وقت تمام متعلقہ محکموں کو اعتماد میں لیا جانا چاہئے ۔

نشہ مکت ابھیان

نشہ مکت ابھیان کے تحت جموں کشمیر کے سبھی اضلاع میں بیداری پروگراموں کا انعقاد جاری ہے اور لوگوں کو منشیات کے مضر اثرات سے روشناس کرایا جا رہا ہے ۔ پولیس ،انتظامیہ اور

دیگر محکمے اس لعنت میں ملوث لوگوں کے خلاف کاروائی کرنے میں کوئی بھی دقیقہ فروگزشت نہیں کر رہے ہیں ۔

خراج عقیدت

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے گرو دیو ربندر ناتھ ٹیگور کو ان کی جنم جینتی پر خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔ ایک پیغام میں ایل جی نے انہیں ایک عظیم دانشور ، شاعر اور مفکر قرار دیا ۔ ایل جی نے کہا کہ گرو دیو کی آفاقی تعلیمات ایک لمبے عرصے تک ہمیں ترغیب دیتی رہیں گی ۔

کابینہ میٹنگ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں کل سرینگر میں کابینہ کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں کئی اہم انتظامی منصوبوں کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں حکمرانی کے عمل کو مستحکم کرنے نیز شمولیاتی اور دیر پا ترقی کو دوام بخشنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے کل سرینگر میں کشمیر صوبے کی ٹرانسپورٹ انجمنوں اور یونینز کے نمائندوں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران ٹرانسپورٹ سیکٹر کو در پیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا ۔ اس موقعہ پر ٹرانسپورٹ سے جُڑے نمائندوں نے اپنے اپنے مسائل کو اجا گر کیا ۔

سرینگر سمارٹ سٹی کارپوریشن لمیٹڈ کی سربراہی میں ایک کمیٹی CEO وزیر موصوف نے تشکیل دینے کی ہدایات دیں تاکہ ٹرانسپورٹروں کے مسائل کا حل نکالا جا سکے ۔

آغا سید روح اللہ مہدی

سرینگر پارلیمانی حلقے کے ممبر پارلیمنٹ آغا سید روح اللہ مہدی نے کل بڈگام کے سمر بُگ اور شالینہ علاقوں کا تفصیلی دورہ کر کے وہاں حال ہی میں سیلاب کی وجہ سے دریائے جہلم کے باندھوں کو پہنچے نقصان کا جائزہ لیا ۔اس دوران انہوں نے لوگون کو یقین دلایا کہ سیلاب سے بچاو کے تمام اقدامات اٹھائے جائیں گے ۔

گاندربل

گاندربل کے ضلع ترقیاتی کمشنر جتن کشور نے ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں عملائی جا رہی HADP، JKCIP اور دیگر فلیگ شپ پروگراموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدایت دی کہ وہ ان سکیموں کی موثر عمل آوری کو یقینی بنائیں تاکہ ضلعے کے کسان مستفید ہو کر فصلوں کی پیداوار بڑھانے کے ساتھ ساتھ اپنی آمدن میں اضافہ کر سکیں ۔

NALSA

نیشنل لیگل سروسز اتھارٹی کی طرف سے آج ملک بھر میں 2026 کی دوسری قومی لوک عدالت کا انعقاد کیا جا رہا ہے ۔ NALSA کے ممبر سیکریٹری سنجیو پانڈے نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ اس پہل کا مقصد معاملات کو افہام و تفہیم کے ساتھ حل کرنا ہے تاکہ عدالتوں پر بوجھ کو کم کیا جا سکے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ سال 2023 سے 25 تک 12 لوک عدالتیں منعقد ہوئیں جن میں 26 کروڑ معاملات کو نمٹایا گیا ۔

حلف برداری

مغربی بنگال کے پہلے بی جے پی وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے آج حلف لے Suvendu Adhikari رہے ہیں ۔ حلف برداری کی تقریب کوکولکتہ کے برگیڈ پریڈ گراونڈ میں منعقد ہوگی ۔ وزیر اعظم نریندر مودی ، وزیر داخلہ امت شاہ ، بی جے پی صدر نتن نابین ، مرکزی وزراءاور NDA حکومت والی تمام ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ حلف برداری کی تقریب میں شرکت کر رہے ہیں ۔

عہدہ

حکومت نے لیفٹنٹ جنرل N S Raja Subramani کو نیا چیف آف ڈیفنس سٹاف مقرر کیا ہے ۔ وہ یہ عہدہ جنرل انل چوہان کی اس عہدے کی مدت پوری ہونے کے بعد تیس مئی کو سنبھالیں گے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****